12.10.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... محمد عمار

Music

☆ بھارتی بحریہ نے ساحلی اور کم گہرے سمندر میں سیکیورٹی خطرات سے نمٹنے کی خاطر آبدوز شکن جنگی جہاز **INS Mangrol** کو اپنے بیڑے میں شامل کرلیا ہے۔

☆ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے کہا ہے کہ عالمی اشتراک، مشترکہ مفادات کو تسلیم کرنے، اِن کا احترام کرنے نیز انہیں اجتماعی اقدامات میں بدلنے پر مبنی ہے۔

☆ پاکستان کے خیبر پختون خواہ صوبے میں ایمرجنسی نافذ کیے جانے کے بعد وہاں تشدد میں تیزی آ گئی ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ روس اور یوکرین نے توانائی کے ٹھکانوں پر حملے نہ کرنے سے اتفاق کرلیا ہے۔

☆ اور بھارتی موسمیات محکمے نے دلّی، چنڈی گڑھ، ہریانہ، پنجاب اور چھتیس گڑھ میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ کل تک جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے---

INS-MANGROL

بھارتی بحریہ نے آج ممبئی میں کم گہرے سمندر کے تیسرے آبدوز شکن جنگی جہاز **INS Mangrol** کو اپنے بیڑے میں شامل کرلیا۔ اِسے کوچی کے، کوچن شپ یارڈ لمیٹڈ **CSL** نے تعمیر کیا ہے۔ ملک میں ہی تیار کیے گئے اِس بحری جنگی جہاز کو شامل کیا جانا، ساحلی اور کم گہرائی والے سمندر میں آبدوزوں کے خطرات کا پتہ لگانے اور اِس کی روک تھام کیلئے بھارتی بحریہ کی صلاحیت کو مستحکم بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ اِسے باضابطہ طور پر پانی میں اتارنے کی تقریب کی صدارت بحریہ کی مغربی کمان کے فلیگ آفیسر کمانڈنگ اِنچیف، وائس ایڈمرل سنجے **Vatsayan** نے کی۔ اِس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے

وائس ایڈمرل Vatsayan نے کہا کہ اِس جنگی جہاز میں 80 فیصد سے زیادہ سازوسامان اندرون ملک تیار کیا گیا ہے۔ اِس سے بھارت کی انجینئرنگ صلاحیت، تکنیکی پیشرفت اور قومی عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ بحریہ کی توسیع کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2026 میں دس بحری جہاز بیڑے میں شامل کیے گئے ہیں اور مزید 8 جنگی جہازوں کو جلد شامل کیے جانے کی امید ہے۔ اِس بحری جہاز کا نام مینگرول پر رکھا گیا ہے، جو گجرات کے جوناگڑھ ضلع میں ایک ساحلی قصبہ اور ماہی گیری کا ایک بڑا مرکز ہے۔ نئے بحری جہاز کا ڈیزائن موجودہ بحری سیکیورٹی کے چیلنجوں کی مناسبت سے تیار کیا گیا ہے۔ INS Mangrol جدید طرز کے ہتھیاروں اور Sensors سے آراستہ ہے۔ اِن میں ہلکے وزن کے Torpedoes اور اندرون ملک تیار کیا گیا آبدوز شکن راکٹ لانچر شامل ہیں۔×

CJI-INDIA BLOCK MEETING

بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس سوریہ کانت نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے دروازے سبھی کیلئے کھلے ہیں اور کسی بھی عام شہری یا منتخب ادارے کے ممبر کی کسی بھی درخواست کا خیر مقدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر بھارتی شہری کو عدالت سے رجوع کرنے کا حق حاصل ہے اور عدالت اُن کی تشویش کی سماعت کرے گی اور قانون کے تحت جو کچھ بھی مناسب ہے، راحت فراہم کرے گی۔ نئی دلّی میں قومی انسانی حقوق کمیشن کے 33 ویں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس سوریہ کانت نے کہا کہ آئین میں ہر شہری سے عظمت، وقار، برابری، آزادی اور انصاف سمیت وسیع وعدے کیے گئے ہیں۔

ملاقات کیلئے آئی این ڈی آئی اے بلاک کے مطالبے کا تذکرہ کرتے ہوئے جسٹس سوریہ کانت نے کہا کہ انہیں کل ایک مراسلہ موصول ہوا تھا، جس میں ملنے کا وقت مانگا گیا تھا اور انہوں نے کل رات اِس کا جواب بھیج دیا اور اُن سے ملنے سے قاصر رہنے کی وجہ بھی بتائی۔

SB - Suryakant

DMRC-METRO CLOSURE

دلّی پولیس نے سپریم کورٹ تک اپوزیشن کے احتجاجی مارچ کے تناظر میں دلّی میں سکیورٹی بڑھا دی ہے۔ اِدھر دلّی میٹرو ریل کارپوریشن نے کہا ہے کہ سکیورٹی وجوہات سے نئی دلّی میں آج 6 میٹرو اسٹیشنوں پر داخل ہونے اور باہر نکلنے کے دروازے شام چار بجے تک بند رہیں گے۔ اِن میں پٹیل چوک، جن پتھ، راجیو چوک، منڈی ہاؤس، سینٹرل سکریٹریٹ اور بارہ کھمبا روڈ اسٹیشن شامل ہیں۔ سبھی متعلقہ میٹرو اسٹیشنوں پر ٹرین بدلنے کی سہولت دستیاب رہے گی۔ اِدھر دلّی ٹریفک پولیس نے بھی امن و قانون کی صورتحال کے مدِّنظر ٹریفک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ میتھو روڈ، منڈی ہاؤس، گرو نانک چوک اور لودھی روڈ فلائی اوور سمیت مختلف مقامات پر ٹریفک کے متاثر رہنے کا امکان ہے۔×

VP-INTERNATIONAL COOPERATION

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے کہا ہے کہ باہم منسلک دنیا میں، بین الاقوامی اشتراک محض ایک سفارتی تبادل نہیں، بلکہ یہ دنیا میں امن، سلامتی اور خوشحالی کی ایک کلیدی ضرورت ہے۔ آج نئی دلّی میں 66 ویں نیشنل ڈیفنس کالج کورس سے خطاب کرتے ہوئے جناب رادھاکرشنن نے کہا کہ عالمی اشتراک، مشترکہ مفادات کو تسلیم کرنے، اِن کا احترام کرنے نیز انہیں اجتماعی اقدامات میں بدلنے پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آب و ہوا کی تبدیلی اور دہشت گردی جیسے عالمی مسائل کا تقاضہ ہے کہ اجتماعی طور پر کارروائی کی جائے۔

نائب صدر نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ **Vasudev Kutumbakam**، صرف بھارت کا نعرہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک میں قدرتی آفت یا سانحہ پیش آنے کی صورت میں بھارت مدد کی پیشکش کرنے والے اولین ملکوں میں آگے رہا ہے۔ نائب صدر نے کہا کہ بھارت، دوسروں پر غلبہ حاصل کرنے یا حکم چلانے کیلئے نہیں، بلکہ اِس بات کو یقینی بنانے کی خاطر دنیا میں سب سے طاقتور ملک بننے کا خواہشمند ہے کہ کوئی بھی ملک، بھارت پر حکم نہ چلائے۔×

PM-VIJAYARAJE SCINDIA TRIBUTE

وزیراعظم نریندر مودی نے, راج ماتا وِجیا راجے سندھیا کو، اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ ملک کی خدمت کے تئیں اُن کی لگن اور قربانی لوگوں کو ہمیشہ تحریک دیتی رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اُن کے خیالات اور نظریات ترقی یافتہ بھارت بنانے کے عزم کو نئی توانائی فراہم کریں گے۔×

RAJNATH-SELF RELIANCE

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ گزشتہ چند برسوں سے سرکار نے اسلحہ سے لے کر تکنیک، سازوسامان اور تربیت تک سبھی شعبوں میں خود کفالت حاصل کرنے اور انہیں جدید طرز پر ڈھالنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ آج نئی دلّی میں بھارتی فوج اور فوڈ کارپوریشن آف انڈیا کے درمیان ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے جانے کے موقع پر جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ بھارت اب دفاعی سازوسامان کا بڑا حصہ ملکی وسائل سے تیار کرتا ہے۔

SB - Rajnath Singh

PAKISTAN-KP EMERGENCY

پاکستان کے خیبر پختونخواہ صوبے میں وفاقی حکومت کے ذریعہ ایمرجنسی نافذ کرنے اور جیل میں بند سابق وزیراعظم عمران خان کی پارٹی، پاکستان تحریک انصاف PTI کی سربراہی والی صوبائی حکومت کو معطل کئے جانے کے بعد تشدد میں اضافہ ہوگیا

ہے۔ کئی علاقوں میں پولیس کی جانب سے فائرنگ اور گولہ باری کی خبریں ہیں۔ کُل صوبے میں وفاقی حکومت کے مداخلت کے خلاف احتجاج پھوٹ پڑا۔ سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران، اسلام آباد کی جانب PTI کے منصوبہ بند مارچ میں رخنہ پڑا۔ خبر ہے کہ پولیس نے Swabi ضلع میں PTI کے 59 کارکنان کو، جبکہ خیبر ضلع میں 6 کارکنان کو گرفتار کرلیا۔ خبروں میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ سابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور PTI کے صوبائی صدر جنید اختر کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ علی امین خان Gandapur نے کہا کہ انہیں ڈیرا اسماعیل خان میں گھر میں قید کرکے رکھا گیا ہے۔×

TRUMP-ENERGY CEASEFIRE

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ روس اور یوکرین نے ساڑھے چار سال سے جاری جنگ میں، توانائی کے ٹھکانوں پر حملوں کو روکنے سے اتفاق کیا ہے، لیکن انھوں نے اِس سلسلے میں کوئی تفصیل نہیں بتائی۔

کل رات، جناب ٹرمپ کی ایک مختصر سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ جنگ بندی فوری طور پر کردی گئی ہے۔ البتہ روس نے اِس سلسلے میں کوئی فوری رائے زنی نہیں کی ہے۔ یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے کہا کہ یوکرین، روس کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملوں سے گریز کرنے کو تیار ہے۔ البتہ زیلنسکی نے روس پر الزام لگایا ہے کہ وہ ٹرمپ کے اِس اعلان کے باوجود یوکرین کی توانائی سے متعلق تنصیبات پر حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔x

IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے نے دلّی، چنڈی گڑھ، ہریانہ، پنجاب اور چھتیس گڑھ میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ کل تک جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ تمل ناڈو، پدوچیری، کرائکل، آندھرا پردیش، کیرالہ اور ماہے میں بھی اگلے دو دن کے دوران اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ اُدھر آندھرا پردیش میں اگلے دو تین دن تک تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔×

RIYADH ATTACK

سعودی عرب کی راجدھانی ریاض میں شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے کو کل ایک بار پھر حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ سعودی عرب کی شہری ہوا بازی کی جنرل اتھارٹی GACA نے کہا ہے کہ اس حملے میں زخمی ہونے والے افراد اور املاک کو پہنچنے والے نقصان کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ یہ تازہ حملہ ہفتے کے روز ہوائی اڈے پر ہونے والے حملے کے محض ایک دن بعد ہوا ہے۔ ہفتے کے روز کا حملہ گزشتہ تقریباً ایک دہائی کے دوران سعودی عرب پر ہونے والے مہلک ترین حملوں میں سے ایک تھا۔ اس سے قبل سعودی قیادت والے اتحاد نے کہا تھا کہ فضائی دفاعی نظام نے شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے کے قریب ایک

کروز میزائل کو روک کر تباہ کردیا تھا۔ ریاض میں واقع بھارتی سفارت خانے نے کل اطلاع دی کہ ہفتے کے روز ہونے والے حملے میں زخمی ہونے والے 11 بھارتی شہریوں میں سے ایک موت ہوگئی ہے۔

سفارتخانے نے متوفی کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ اُن کے رابطے میں ہے، تاکہ ہر ممکن مدد فراہم کی جاسکے۔ اس میں اُن کے جسد خاکی کو جلد سے جلد بھارت بھیجنے کیلئے ضروری تعاون بھی شامل ہے۔ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے بھارتی شہری کی موت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور سوگوار کنبے سے تعزیت کی۔ انہوں نے کہا کہ سفارتخانہ ہر ممکن مدد فراہم کررہا ہے اور اس مشکل وقت میں متاثرہ افراد کی مدد کیلئے تمام ضروری اقدامات کئے جارہے ہیں۔ بھارتی سفارتخانے نے بتایا کہ حملے کے بعد سے وہ زخمیوں کی صحت کے بارے میں مسلسل معلومات حاصل کررہا ہے۔

اس سلسلے میں مقامی حکام اور اسپتالوں کے ذمہ داران سے رابطہ کیا گیا، تاکہ زخمیوں کے بارے میں تازہ جانکاری حاصل کی جاسکے۔ سفارتخانے کے اہلکاروں نے اُن اسپتالوں کا بھی دورہ کیا، جہاں زخمی بھارتی شہری زیرعلاج ہیں۔ سفارتخانے کے تازہ ترین اطلاع کے مطابق تین زخمی بھارتی شہری انتہائی نگہداشت والے یونٹ ICU میں داخل ہیں اور اُن کی حالت مستحکم ہے۔ اس دوران یمن کے حوثی گروپ نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے سعودی عرب کے ٹھکانوں کے خلاف میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعہ چار کارروائیاں کی ہیں۔ گروپ نے اِن حملوں کو یمن کے خلاف سعودی جارحیت کے جواب میں کی گئی کارروائیاں قرار دیا ہے۔×

N.KOREA MISSILE LAUNCH

جنوبی کوریا کی فوج نے کہا ہے کہ شمالی کوریا نے آج صبح اُس کے مشرقی سمندری علاقے کی جانب متعدد بیلسٹک میزائل داغے ہیں۔ میزائلوں کا یہ تجربہ شمالی کوریا کی جانب سے حالیہ دنوں میں ہتھیاروں کی نمائش کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس سے ایسے وقت میں خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے، جب دونوں ملکوں کے درمیان طویل عرصے سے سفارتی رابطے معطل ہیں۔ جنوبی کوریا کے جوائنٹ چیف آف اسٹاف نے بتایا کہ یہ میزائل شمالی کوریا کی راجدھانی Pyongyang کے قریب واقع ایک علاقے سے داغے گئے۔ شمالی کوریا حالیہ برسوں میں اپنے ہوائی اڈے کو میزائل داغنے کے ایک اہم مرکز کے طور پر استعمال کرتا رہا ہے۔

جاپان کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ اُس نے کم سے کم دو میزائلوں کا پتہ لگایا ہے اور اندازہ لگایا ہے کہ وہ جاپان کے خصوصی اقتصادی سمندری زون کے باہر، سمندر میں گرے ہیں۔ ان میزائلوں کا تجربہ جنوبی کوریا کی جانب سے جمعہ کے روز اپنے ملک میں ہی تیار کردہ پہلے ہائپر سونک ہتھیار کا کامیاب تجربہ کئے جانے کے چند بعد کیا گیا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆